**نمبر** : 2600

| | | | |
|---|---|---|---|
| کتاب کا نام | : | الشمائل المحمدیہ | |
| مصنف | : | فقیر عبد الرسول بن عبد الصمد | |
| مہر ومالک | : | نامعلوم | |
| سائز | : | 25x15 cm | سطور : - |
| اوراق | : | ۹۰ | کاتب : نامعلوم |
| خط | : | نسخ | تاریخ کتابت : نامعلوم |
| زبان | : | عربی | |
| موضوع | : | شمائل نبوی صلی اللہ علیہ وسلم (سیرت) | |
| آغاز | : | بسم اللـه الـرحمن الرحيم الحمد لله رب الذى اسس بناء العالمين على النور المحمدى | |
| اختتام | : | والاتـكاء التمكن للأكل والتعقد فى الجلوس له كالمتربع وشبهه فى تمكن الجلسات التى يعتمد فيها الجالس على ماتحته والجالس على هذا الهيئة يستدعى۔ | |
| حالت | : | جلد ٹوٹی ہوئی ہے۔ کچھ اوراق آب زدہ ہیں۔ ناقص الآخر۔ | |

حالت : جلد ٹوٹی ہوئی ہے۔ کچھ اوراق آب زدہ ہیں۔ ناقص الآخر۔

نوٹ : شمائل نبوی صلی اللہ علیہ وسلم پر جس طرح امام ترمذی کی ایک معروف ومشہور تالیف ہے جو مدارس میں داخلِ نصاب ہے اسی طرح یہ بھی شمائل نبوی صلی اللہ علیہ وسلم پر تالیف ہے، جو بڑی جامع ہے۔ البتہ ناقص الآخر ہے۔ مولف نے اپنا اسم گرامی فقیر عبد الرسول بن عبد الصمد تحریر کیا ہے۔ نیز اپنے آپ کو مولانا شیخ عبد الواحد بن عبد الغفور بن عبد الرحمن کا شاگرد بتلایا ہے اور اپنے استاذ محترم کو ان القاب سے یاد کیا ہے۔ الشیخ الاعظم والاستاذ الافخم حبیب حبیب اللہ المنان المنان مولانا....



عنوانات سرخ روشنائی سے اور احادیث کو سیاہ روشنائی سے تحریر کیا گیا ہے۔ کتاب مختلف تحریری حواشی سے مزین ہے۔ مذکورہ نسخہ میں کل نو اجزاء ہیں۔ ہر جزء دس اوراق پر مشتمل ہے۔ کتاب کے پہلے ورق پر ایک حدیث جلی حروف میں لکھی گئی ہے۔ قال علیه الصلوة والسلام من اکل البقیقة وقذف الوعوعة واستعمل الشجر.... امن من الشوص واللوص والعلوص. اسی ورق پر کچھ اشعار بھی تحریر کئے گئے ہیں جیسے

یا لهف نفسی صناع العمر فی لعب – ولیس عندی الاقلال والقیل

اسی ورق پر "شمائل اصطلاح" کا عنوان قائم کر کے ملا علی قاری رحمۃ اللہ علیہ کی شرح اربعین سے محدثین کی اصطلاح میں طالب، محدث، حافظ، حجت اور حاکم کی تعریف ذکر کی ہے۔ پھر جلی حروف میں یہ شعر مرقوم ہے۔

یا جاعلا ستی البلی شعاره ودثاره – متمسکا بحدیثه متتبعا اخباره

پھر دوسرے ورق سے اصل کتاب کی ابتداء ہوتی ہے۔ شمائل کے موضوع پر یہ بڑی جامع کتاب ہے۔

اس نسخہ کے علاوہ اسی کتب خانہ میں نمبر ۲۲۱۸ پر بھی اسی کتاب کا ایک نسخہ ہے جس کی ابتداء دسویں جزء سے ہوتی ہے اور بتیس پر ختم ہوتا ہے۔ اس اعتبار سے یہ نسخہ ۲۲۱۸ نمبر والا نسخہ سے جوڑ دیا جائے تو کل بتیس جزء ہوئے۔ اسی طرح اس کا ایک نسخہ ۲۲۰۷ پر بھی موجود ہے۔ جو مکمل انتالیس اجزاء پر مشتمل ہے۔ اور ایک مکمل نسخہ ۹۹۶ نمبر پر بھی موجود ہے۔

حضرت پیر محمد شاہ کتاب خانے میں محولہ بالا نسخے میں الشمائل المحمدیہ کے مصنف کے طور پر عبد الصمد کے بیٹے شیخ عبد الرسول کا نام درج ہے۔ شیخ عبد الرسول کے بارے میں مزید معلومات کے لئے دیکھئے: عربی زبان وادب کی ترقی میں گجرات کے دانشوروں کا حصہ: ص: ۴۲۳ (اردو)، ناشر .P.M.L، سال اشاعت 2013۔